**22.05.2025**

**2115 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ضمیر رضوی

**Music**

-------------------------------

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ پاکستان دہشت گردی کے ذریعے درِ پردہ جنگ کا سہارا لیتا ہے کیونکہ وہ بھارت کے ساتھ سیدھی جنگ نہیں جیت سکتا۔

☆ وزیر اعظم نے ملک بھر میں 100 سے زیادہ تزئین نو والے امرت اسٹیشنوں سمیت 26ہزار کروڑ روپے کی لاگت والے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کو قوم کے نام وقف کیا۔

☆ نئی دلّی نے اس بات کو دوہرایا ہے کہ سندھ طاس معاہدہ تب تک معطل رہے گا جب تک پاکستان سرحد پار دہشت گردی کی حمایت ترک کرنے کے بارے میں کوئی ٹھوس اور معتبر اقدامات نہیں کرتا۔

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے راشٹرپتی بھون میں دفاعی ایوارڈ دیئے جانے کی تقریب میں بہادری کے انعامات تفویض کئے۔

☆ مرکز نے معذور افراد کیلئے سرکاری گھروں کے الاٹمنٹ میں چار فیصد کا اعلان کیا ہے۔

☆ اور برطانیہ نے بحرِ ہند میں واقع Chagos جزیرے کو ماریشس کے حوالے کرنے سے متعلق سمجھوتے پر دستخط کئے ہیں۔

-------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PM Amrit Stations**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج کہا ہے کہ بھارت نے آپریشن سندور کے تحت دہشت گردوں کی کمین گاہوں کو تباہ کرتے ہوئے پاکستان کو منہ توڑ جواب دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے مسلح فورسز کو کارروائی کرنے کی کھلی چھوٹ دی ہوئی تھی، جس سے فوج کی تینوں شاخوں کو ایک ایسا اچوک شکنجہ کسنے میں مدد ملی، جس کے سبب پاکستان جھکنے پر مجبور ہوگیا۔ وزیرِ اعظم نے زور دیا کہ پاکستان بھارت کے ساتھ کبھی بھی سیدھی جنگ نہیں جیت سکتا۔ اِسی لئے وہ دہشت گردی کو شہ دے کر، درپردہ جنگ میں ملوث ہے۔ جناب مودی نے یہ بات، راجستھان کے بیکانیر میں ایک عوامی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔

SB - 2100 - PM on Sindoor

اس سے پہلے راجستھان کے شہر بیکانیر میں وزیر اعظم نریندر مودی نے 26ہزار کروڑ روپے مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کو ملک کے نام وقف کیا۔ وزیرِ اعظم نے ملک کی 18ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے 86اضلاع میں تجدید کاری کیے گئے 103امرت بھارت ریلوے اسٹیشنوں کا بھی افتتاح کیا۔ وزیر اعظم نے بیکانیر–ممبئی ایکسپریس کو بھی جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ وزیر اعظم نے اس بات پر زور دیا کہ یہ امرت بھارت اسٹیشن نہ صرف بھارت کی ہزاروں سال پرانے ورثے کو محفوظ کریں گے بلکہ ریاستوں میں سیاحت کے فروغ دینے کیلئے تامل کے طور پر کام کریں گے اور اِس سے نوجوانوں کیلئے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔ وزیر اعظم نے لوگوں پر اس بات کیلئے بھی زور دیا کہ وہ اسٹیشن پر صفائی ستھرائی اور تحفظ کو یقینی بنائیں کیونکہ وہ اِن بنیادی ڈھانچوں کے حقیقی مالکان ہیں۔

2045- PM Amrit Stations

اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت کے تحت ریلویز میں یکسر تبدیلی والی اصلاحات دیکھی جا رہی ہیں۔x

## Begumpet All Women Railway Station

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج صبح ملک بھر کے 103دوبارہ تیار کیے گئے ریلوے اسٹیشنوں کا ورچوئل وسیلے سے افتتاح کیا۔ اِن اسٹیشنوں میں حیدرآباد کا بیگمپیٹ ریلوے اسٹیشن دیگر اسٹیشنوں سے الگ بن کر اُبھرا ہے۔ اِس اسٹیشن کی نہ صرف جدید سہولیات کے ساتھ ایک نئی شکل سامنے آئی ہے، بلکہ جنوب وسطی ریلوے کے تحت یہ ایسا پہلا اسٹیشن ہے جسے مکمل طور پر خواتین چلائیں گی۔x

## MEA Briefing

بھارت نے آج اپنے اس موقف کو دوہرایا کہ بھارت اور پاکستان کے درمیان کوئی بھی مصروفت دوطرفہ ہی ہوگی۔ آج دوپہر نئی دلّی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ بات چیت اور دہشت گردی ساتھ ساتھ نہیں چل سکتے۔ انھوں نے کہا کہ نئی دلّی نامزد دہشت گردوں کی بھارت حوالگی سے متعلق بات چیت کیلئے تیار ہے، جن کی فہرست کچھ سال پہلے پاکستان کو فراہم کی جاچکی ہے۔ انھوں نے واضح کیا کہ جموں اور کشمیر پر کوئی بھی دوطرفہ مذاکرات صرف پاکستان کی جانب سے غیرقانونی طریقے سے قبضہ کئے گئے بھارتی علاقے کے بارے میں ہی ہوں گے۔سندھ طاس معاہدے سے متعلق ترجمان نے کہا کہ یہ معاہدہ تب تک معطل رہے گا جب تک پاکستان سرحد پار دہشت گردی کی حمایت ترک کرنے کے بارے میں کوئی ٹھوس اور معتبر اقدامات نہیں کرتا۔

S/B Randhir Jaiswal on Pakistan

اراکین پارلیمنٹ کے کثیر جماعت وفود کے بارے میں اظہار خیال کرتے ہوئے ترجمان نے کہا کہ مرکزی خیال یہ ہے کہ یہ سفارتی مشن ہیں۔ انھوں نے کہا کہ بھارت دہشت گردی کے خلاف لڑائی کے اپنے عزم کو دنیا

تک پہنچانا چاہتا ہے۔ جناب جیسوال نے مزید کہا کہ نئی دلّی دنیا کو یہ تلقین کرنا چاہتا ہے کہ وہ سرحد پار دہشت گردی کے قصورواروں کی ذمے داری طے کرے۔رندھیر جیسوال نے کہا کہ یہ وفود دنیا کے 33ممالک کا دورہ کر رہے ہیں اور یہ ممالک بھارت کے مضبوط بین الاقوامی ساجھے دار ہیں، کیونکہ یہ ممالک اقوام متحدہ سلامتی کونسل کے اراکین بھی ہیں۔ ایک دیگر سوال کے جواب میں ترجمان نے کہا کہ بھارت یہ امید کرتا ہے کہ ترکیہ، پاکستان سے سختی سے اِس بات کا مطالبہ کرے کہ پاکستان سرحد پار دہشت گردی کی حمایت ترک کرے اور اُس کے یہاں دہائیوں سے پنپ رہے دہشت گردی کے ایکونظام کے خلاف معتبر اور قابل تصدیق کارروائیاں انجام دے۔ جناب جیسوال نے کہا کہ تعلقات، ایک دوسرے کے تحفظات کے تئیں احساس پر قائم ہوتے ہیں۔

S/B 2100 Randhir Jaiswal on Turkiyea

رندھیر جیسوال نے کہا کہ قومی سلامتی کے مشیر اجیت دوبھال اور چین کے وزیر خارجہ اور سرحدی معاملے کے خصوصی نمائندے Wang Yi نے 10مئی کو ایک دوسرے سے بات چیت کی۔ انھوں نے کہا کہ بات چیت کے دوران، قومی سلامتی کے مشیر نے پاکستان سے نکل رہی سرحد پار دہشت گردی کے بارے میں بھارت کے مضبوط موقف سے واقف کرایا۔ جناب رندھیر جیسوال نے یہ بھی کہا کہ چینی فریق اِس بات سے واقف ہے کہ باہمی اعتماد، باہمی احترام اور باہمی احساس، بھارت–چین تعلقات کی بنیاد رہے ہیں۔x

## Rev. All Party Delegation visit

منظم عالمی رسائی کے تحت بھارت کے پارلیمانی وفود دنیا کے اہم ممالک کیلئے روانہ ہوئے۔ جنتا دَل یونائیٹڈ کے رکن پارلیمنٹ سنجے جھا کی قیادت والے کثیر جماعتی وفد نے آج ٹوکیو میں جاپان کے وزیر خارجہ Takeshi Iwaya سے ملاقات کی اور دہشت گردی کے خلاف لڑائی میں جاپان کی حمایت کی درخواست کی۔ جناب جھا نے اقوام متحدہ سلامتی کونسل کے 25اپریل والے صحافتی بیان پر عمل آوری کا مطالبہ کیا۔ اس بیان میں قابل مذمت دہشت گردانہ کارروائی کی سازش کرنے والوں، اِسے بروئے کار لانے والوں اور مالی اعانت کرنے والوں کی ذمے داری طے کرنے اور اُنھیں انصاف کے کٹہرے میں لانے کی ضرورت پر زور دیا گیا ہے۔

پیش ہے ہمارے نمائندے کی خصوصی رپورٹ...

VC Suparna

بھارتی وفد نے یہ پیغام پہنچایا کہ آپریشن سندور کے ذریعے بھارت نے بے انتہا درست، مرکوز، متناسب اور غیراشتعال انگیز انداز میں جواب دیا ہے۔ جناب جھا نے یہ پیغام بھی دیا کہ بھارت کی دہشت گردی کے تئیں قطعی عدم برداشت کی پالیسی ہے اور وہ دہشت گردوں اور اُس کی حمایت کرنے والوں میں کوئی فرق نہیں کرتا۔ جاپان کے وزیر خارجہ نے دہشت گردی کے خلاف بھارت کی لڑائی میں جاپان کی حمایت کے عہد کو دوہرایا اور بھارت کی جانب سے صبر وتحمل کے مظاہرے کی ستائش کی۔ ساتھ ہی انھوں نے دہشت گردانہ کارروائیوں کی سازش کرنے والوں کو سزا دلانے کی بات بھی کہی۔ وفد نے جاپان کے سابق وزیر اعظم Yoshihide Suga اور قومی سلامتی میں ایوانِ نمائندگان کمیٹی کے چیئرمین Takashi Endo سے بھی ملاقات کی۔

دلّی سے سپرنا سائیکیہ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لئے میں شبانہ رحمان

اس دوران شیوسینا رکن پارلیمنٹ ڈاکٹر شری کانت شندے کی قیادت والا ایک اعلیٰ سطحی کثیر جماعتی وفد آج ابوظبی پہنچا۔ متحدہ عرب امارات، چار ممالک کی وسیع تر سفارتی مہم کا پہلا پڑاؤ ہے۔ وفود نے متحدہ عرب امارات کی قیادت اور ذرائع ابلاغ کے ساتھ میٹنگیں کیں اور آپریشن سندور کی اہمیت سے واقف کرایا۔ اس دوران، سرحد پار کی دہشت گردی کے بارے میں بھارت کے مضبوط موقف کو دوہرایا گیا۔ وفد نے متحدہ عرب امارات کے دفاع، داخلی اور خارجی امور کمیٹی کے چیئرمین ڈاکٹر علی راشد ال نعیمی اور متحدہ عرب امارات کے دیگر سینئر اراکین پارلیمنٹ سے جامع بات چیت کی۔ ڈاکٹر نعیمی نے زور دیا کہ بھارت اور متحدہ عرب امارات کے تعلقات تجارت اور ثقافت سے آگے کے ہیں اور سلامتی اور اسٹرٹیجک معاملات پر محیط ہیں۔ اس بیچ، DMK رکن پارلیمنٹ کنی موزی کروناندھی کی قیادت والا تیسرا کثیر جماعتی وفد، پاکستان کی سرپرستی والی دہشت گردی کو بے نقاب کرنے کیلئے اپنے پانچ ممالک کے دورے پر روانہ ہوگیا ہے۔ یہ وفد اسپین، یونان، سلوینیہ، Latvia اور روس کا دورہ کرے گا۔ روانگی سے پہلے، کنی موزی کرناندھی نے کہا کہ دنیا تک دہشت گردی کے خلاف لڑائی کا پیغام پہنچانے کیلئے سبھی کو یکجا ہونا ہوگا۔

S/B Kanimozhi

سفارتی مہم کے سات وفود میں سے باقی چار وفود اگلے کچھ دنوں میں مختلف ممالک کیلئے روانہ ہوں گے۔x

## Gallantry Awards

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج راشٹرپتی بھون میں دفاعی ایوارڈ دیئے جانے کی تقریب کے پہلے مرحلے کے دوران مسلح فورسز، مرکزی مسلح پولیس فورسز اور ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کی پولیس کے اہلکاروں کو اعزاز سے نوازا۔ اِس میں چار بعد از مرگ سمیت 6 کیرتی چکر اور 7بعد از مرگ سمیت 33سوریہ چکر شامل ہیں۔

رائفل مین روی کمار، کرنل من پریت سنگھ، ڈپٹی ایس پی ہمانشو مزمل بھٹ اور نائک دلاور خان کو بعد از مرگ کیرتی چکر سے سرفراز کیا گیا۔ مراٹھا لائٹ انفینٹری کے میجر Malla Rana گوپال نائیڈو، پنجاب رجمنٹ کے منجیت کو کیرتی چکر پیش کیا گیا۔ میجر آشیش Dhonchak، سپاہی پردیپ سنگھ، حولدار روہت کمار، کانسٹیبل پون کمار، کانسٹیبل دیوان سی، Vijayan Kutty G اور کیپٹن دیپک سنگھ کو اُن کی بے مثال بہادری اور عہدے پر رہتے ہوئے قربانی دینے سمیت سات بہادر اہلکاروں کو بعد از مرگ ایوارڈ سے سرفراز کیا۔ پیش ہے ایک رپورٹ

VC Priya Mondal

بہادری ایوارڈ اُن اہلکاروں کو دیے گئے جنہوں نے بے مثال بہادری کا مظاہرہ کیا اور ڈیوٹی کے دوران ذاتی حفاظت کو مکمل طور پر نظر انداز کیا۔ ایوارڈ حاصل کرنے والوں نے مختلف کارروائیوں کے دوران غیر معمولی جرات کا مظاہرہ کیا، جن میں جموں وکشمیر اور شمال مشرق میں انسداد دہشت گردی اور انسداد شورش کارروائیاں، قزاقی مخالف اور آگ بجھانے کی کارروائیاں شامل ہیں۔ اِن بہادری ایوارڈز کا اعلان سال میں دو بار یوم جمہوریہ اور یوم آزادی کے موقع پر کیا جاتا ہے۔

پریا منڈل کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں اسعداللہ

**PWD Housing Res**

حکومت نے آج اعلان کیا ہے کہ مرکزی حکومت کے سرکاری گھروں کے الاٹمنٹ کے تحت چار فیصد ریزرویشن معذور افراد کو فراہم کیا جائے گا، جس سے کہ عوامی خدمات میں مساوات، وقار اور رسائی کو یقینی بنایا جاسکے۔ یہ تاریخی قدم مکانات اور شہری امور کے وزیر منوہر لال نے شمولیتی ترقی کے تئیں ایک اہم قدم کے طور پر اُٹھایا۔ مکانات اور شہری امور کی وزارت نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ اُس نے معذور افراد کے لیے مرکزی حکومت کے رہائشی مکانات تک منصفانہ رسائی کو یقینی بنانے کے لیے یہ دفتری میمورنڈم جاری کیا ہے، وزارت نے یہ بھی کہا ہے کہ حکومت کی یہ پہل ہر شہری کو مضبوط اور بااختیار بنانے کے لیے حکومت کی منشا کی عکاس ہے اور ایک جامع قابل رسائی بھارت کی بنیاد کو بھی مستحکم کرتا ہے۔×

**UK CChagos Island**

برطانیہ نے آج ایک معاہدے پر دستخط کیے ہیں، جس کے تحت چاگوس جزیرے کی خود مختاری ماریشش کے حوالے کی جائے گی۔ یہ اقدام متنازعہ اور اسٹریٹیجک لحاظ سے اہم علاقے پر اختیارات ختم کرنے کے حوالے سے ہے۔ برطانوی حکومت نے کہا ہے کہ یہ معاہدہ مستقبل کی سلامتی کو یقینی بناتا ہے۔ اس معاہدے کے تحت برطانیہ 99سال سے یا اُس سے زیادہ مدت کیلئے base کو واپس لیز پر حاصل کرے گا، جس کے بدلے میں وہ ماریشش کو سالانہ 130ملین ڈالر ادا کرے گا۔ x

**SC WAQF**

سپریم کورٹ نے آج وقف ترمیمی قانون 2025 کو چیلنج کرنے والی ایک درخواست پر اپنے عبوری حکم کو محفوظ رکھا ہے۔ جسٹس بی آر Gavai اور جسٹس Augustine George Masih پر مشتمل ایک بینچ نے لگاتار تین دن عبوری حکم کے تناظر میں معاملے کی سماعت کی۔ دلائل کے دوران چیف جسٹس نے زبانی طور پر کہا کہ 1923اور 1954کے سابقہ قوانین کے تحت وقف جائیدادوں کے رجسٹریشن کی ضرورت تھی۔ استغاثہ نے منگل کے روز اپنے دلائل شروع کیے تھے، جس کے بعد، کل اور آج مرکزی حکومت کے دلائل پیش کیے گئے۔

سولیسٹر جنرل تُشار مہتا نے لگاتار تین دن مرکز کی نمائندگی کی۔ مرکز نے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو سے منظوری ملنے کے بعد پچھلے مہینے وقف ترمیمی قانون 2025 کو نوٹیفائی کیا تھا۔ x

☆☆☆☆☆☆